
© rasailojaraid.com



# تعارف وتبصرۂ کتب

مولانا عبدالقیوم حقانی



تکملہ فتح الملہم بشرح صحیح الامام مسلم | تالیف :- مولانا محمد تقی عثمانی صفحات ۶۹۲ ۔ قیمت ۲۰۰/ـ
پتہ :- مکتبہ دارالعلوم کراچی ـ ۱۴

ہندوستان میں بارھویں صدی کے وسط سے پندرھویں صدی تک شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سے لے کر علامہ انور شاہ کشمیریؒ، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ اور علامہ شبیر احمد عثمانی تک اکابر علمائے دیوبند اور اساتذۂ حدیث نے، حدیث کی ترویج واشاعت، درسِ حدیث کے احیاء، فنِ حدیث کے ساتھ اعتنا اور اس موضوع پر محققانہ و بصیرانہ تصنیفات کے ساتھ جو عظیم تجدیدی اور انقلابی کارنامہ سرانجام دیا وہ ملّتِ اسلامی اور تاریخِ انسانیت کا روشن اور تابناک باب ہے۔

اکابر علماء دیوبند نے تو درس ومطالعہ، تدریس اور شرح وتحشیہ کا ایک نیا ذوق اور نئی تحریک پیدا کر دی۔ انہوں نے حدیثِ رسول ؐ سے عشق و فریفتگی اس کی نشر واشاعت، تشریح وتفہیم، تدریس وتعلیم اور تبلیغ و تعمیم کو اپنی زندگی کا مقصدِ اولین قرار دیا۔

علم حدیث ان کا اصل ذوق اور محنت وتحقیق کا میدان رہا۔ وہ اس کو تقرب الی اللہ اور تقرب الی الرسول ؐ کا سب سے بڑا وسیلہ سمجھتے تھے۔ چنانچہ زندگی بھر یہی ان کا شعار و دثار رہا اور ان ہی کو یہ کہنے کا حق حاصل تھا ؎

ما ہر چہ خواندہ ایم فراموش کردہ ایم
الا حدیث یار کہ تکرار مے کنم

چنانچہ وسیع پیمانے پر درسِ حدیث کے حلقے قائم ہوئے، صحاح ستّہ کے درس کا رواج ہوا۔ شروح حدیث کا دور شروع ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس پر ایک عظیم اور وسیع کتب خانہ تیار ہو گیا۔ اور ہندوستان فنِ حدیث شریف کا مرکز بن گیا۔

اللہ تعالیٰ نے اس صدی میں اکابر علماء دیوبند اور اساتذۂ حدیث سے علم حدیث کی اشاعت وخدمت کا جو کام لیا بظاہر اس قرن میں اس کا تصور بھی مشکل تھا۔ انہوں نے حدیث کی اہم کتابوں پر عربی اردو حاشیے اور شروحات لکھے۔ امام انور شاہ کشمیری کی فیض الباری، عرف شذی۔ مولانا خلیل احمد سہارنپوری کی بذل المجہود۔ مولانا محمد یوسف کاندھلوی کی امانی الاحبار۔ مولانا محمد ادریس کاندھلوی کی التعلیق الصبیح۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کی لامع الدراری الکوکب الدری اوجز المسالک اور تقریرات بخاری (اردو) علامہ انور شاہ اور علماء دیوبند کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حدیثی افادات کا گراں قدر مجموعہ انوار الباری (اردو) مولانا بدر عالم میرٹھی کی ترجمان السنہ اور جواہر الحکم مولانا محمد یوسف بنوری کی معارف السنن مولانا ظفر احمد تھانوی کی اعلاء السنن، مولانا شبیر احمد عثمانی کی فضل الباری (اردو) اور فتح الملہم، شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ کی حقائق السنن (اردو) اس کی زندہ وجاوید اور غیر فانی مثالیں ہیں۔

فتح الملہم مولانا شبیر احمد عثمانی جو دارالعلوم دیوبند کے عظیم الشان بلند مقام محقق اور نامور فرزند ہیں کی تصنیف ہے جو امام ابوالحسن مسلم بن حجاج قشیری کی شہرۂ آفاق کتاب الجامع الصحیح کی شرح ہے جس کی صرف تین ضخیم جلدیں مکمل ہو سکیں جسے صرف پاک و ہند میں نہیں بلکہ عالم اسلام کے ہر حصہ میں اہل علم نے نہ صرف یہ کہ زبردست خراج تحسین پیش کیا بلکہ زندگی کے مختلف شعبوں اور اہم علمی کاموں میں اس سے استفادہ بھی کیا اس طرح موصوف کی یہ گراں قدر تصنیف صرف مسلمانان برصغیر کے لئے نہیں بلکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے سرمایۂ افتخار بن گئی۔

علامہ زاہد الکوثری نے اسے دیکھ کر اپنے رسالہ "الاسلام" میں تحریر فرمایا۔

فتح الملہم کے مصنف لائق وفائق، حجت اور مختلف علوم کے جامع زمانے کے محقق، مفسر، محدث، فقیہ بارع، نقاد و غواص، بحر علم کے شناور، مولانا شبیر احمد عثمانی شیخ الحدیث و مدیر دارالعلوم دیوبند ہیں۔ (الاسلام) غالباً یہ شرح پانچ چھ جلدوں میں مکمل ہوتی۔ مگر افسوس کہ حضرت علامہ عثمانیؒ کا وصال ہو گیا اور یہ کتاب ناقص رہی۔

ملک و بیرون ملک ارباب علم و فضل اور علمی حلقے اس کی تکمیل کے خواہشمند تھے جس کے پیش نظر اس سلسلہ میں مفتئ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے تحریک بھی چلائی۔ محدث العصر علامہ محمد یوسف بنوریؒ اور جامع المنقول والمعقول حضرت العلامہ مولانا شمس الحق افغانیؒ کو اس کی تکمیل پر آمادہ کرنے کی کوشش بھی کی مگر خدا کو منظور نہ تھا کہ یہ کام اس وقت مکمل ہو جاتا۔ بالآخر حضرت مفتی صاحب مرحوم نے اپنے حین حیات اپنے لائق، فاضل اور ہونہار فرزند حضرت مولانا محمد تقی عثمانی کو اس کام کی تکمیل پر لگا دیا۔ اور خود اس کی نگرانی فرماتے رہے۔ تقسام ازل نے اس مہتم بالشان کام کی تکمیل کی سعادت مولانا محمد تقی عثمانی کے نصیب میں لکھی تھی۔ جو انہیں تکملۂ فتح الملہم کی صورت میں حاصل ہو رہی ہے۔

مولانا محمد تقی عثمانی کو فتح الملہم کے مصنف علامہ شبیر احمد عثمانی کی طرح علم سے خاندانی مناسبت خداداد حافظہ و ذہانت سخت محنت و مشقت شوق مطالعہ، ذوق علم اور سب سے بڑھ کر توفیق خداوندی نے ان کو جدید و قدیم اسلامی امور پر عبور اور علمی تبحر عطا فرمایا ہے۔ اکابر علماء اساتذۂ حدیث اور معاصرین جو سن میں آپ سے بڑے اور اپنے زمانہ کے مسلم الثبوت استاد اور امام فن ہیں سب آپ کے تبحر و جامعیت

 © rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے معترف ہیں۔

درس وتدریس میں انہماک ملکی وغیر ملکی اسفار اور اب سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی حیثیت سے اہم قومی و ملّی ذمہ داریوں کے باوجود تصنیفی ذوق اور تحریری کام میں انہماک اور تصنیفات بھی معمولی نہیں بلکہ صحیح مسلم کی شرح لکھنا جو تکملۂ فتح الملہم کی صورت میں آپ کے سامنے ہے۔ اسے علوم نبوت کی کرامت خرق عادت اور نبوت کا معجزہ ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔ یہ کتاب موصوف کے علمی کاموں میں مہتم بالشان اور ایک زبردست علمی و تصنیفی شاہکار اور عظیم کارنامہ ہے جس کی پہلی جلد پونے سات سو صفحات میں طبع ہو کر منظر عام پر آ گئی ہے۔ اور جو رضاع، طلاق، عتاق، بیوع اور مساقات کے مباحث پر مشتمل ہے جس کو موصوف نے طویل عرصہ کے انہماک و اشتغال، ذوق مطالعہ و تحقیق اور خوب غور و تامل سے مرتب فرمایا ہے یہی وجہ ہے کہ شام کے مشہور محقق عالم، عالم اسلام کی مسلّم مایہ ناز شخصیت جناب شیخ عبدالفتاح ابو غدہ نے اپنے پیش لفظ میں اس کتاب کی تحقیقات کو نادر المثال قرار دیا ہے۔

موصوف کی تازہ و عظیم تصنیف تکملۂ فتح الملہم کے کچھ منفرد خصوصیات ہیں جو اسے قدیم شروحات حدیث بلکہ عصر حاضر کے جدید شروحات سے بھی نمایاں اور ممتاز کر دیتے ہیں۔ عقلیت پسند اور جدت طلب دور میں یقیناً یہ ایک گراں قدر بلند پایہ علمی تحفہ ہے۔ جو علمی و دینی حلقوں میں پہنچ رہا ہے۔ اور بلا مبالغہ بطور اظہار حقیقت ہمیں یہ کہنے میں خوشی محسوس ہوتی ہے کہ یہ کتاب مصنف کی عظیم شاہکار تصنیف ہے جو ان کے علم و فن کی آئینہ دار ہے۔ ذیل میں ان ہی خصوصیات کو اجمالاً درج کیا جا رہا ہے جس سے اصل کتاب کے سمجھنے اور اس سے استفادہ کرنے میں مدد ملے گی۔

۱۔ محققانہ اور محدثانہ طرز پر شرح حدیث اور اس کے متعلقات پر بحث کے لئے شارح کو توبہ و انابت، خوف و خشیت الٰہی، عشق رسول ﷺ، صفائی قلب و نور باطن، ذکر و فکر، عمل بالحدیث کا جذبہ، متون حدیث پر نظر، رجال و طرق اور علل سے آگاہی، مذاہب اربعہ کے اصول کتب سے واقفیت، اصول فقہ اور علم الخلاف سے واقفیت، عربیت میں پختگی، کلام و فلسفہ اور حقائق پر نظر۔ وسعت و سرعت مطالعہ اور اس نوع کے جملہ صفات و ملکات اور کمالات سے متصف ہونا ضروری ہے اور الحمد للہ کہ ہمارے نوجوان فاضل و شارح کو اللہ تعالیٰ نے اکابر علماء، و اساتذۂ حدیث کی صحبت، اہل اللہ کی معیت و خدمت، اہل دل سے عقیدت و نسبت بالخصوص مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کی خصوصی توجہ و تربیت اور پدرانہ شفقت اور صاحب کمال بزرگوں کے خصوصی عنایات کے طفیل مذکورہ صفات و ملکات سے مالا مال فرمایا ہے کتاب کے گہرے اور تحقیقی مطالعہ سے پڑھنے والا یہ تاثر لئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ شارح مقاصد شریعت اور روح دین سے واقف ہے اور انہیں علوم و فنون کی ہمہ گیر معلومات و مشکلات اور دین کے اصول و فروع پر کافی عبور حاصل ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲- ہر مبحث اور ہر موضوع میں شارح کی بحث اصولی و مرکزی اطمینان آفریں تشفی بخش اور موجب یقین ہے جو احادیث کے مستند ذخیروں میں پھیلے ہوئے طویل ترین مباحث کا خلاصہ اور لب لباب ہے۔ موضوع سے متعلق بحث پڑھ لینے کے بعد پڑھنے والے کو بدیہی طور پر یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہی دین کا مزاج اور اس کی روح ہے۔

۳- اور سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ موصوف نے یہ شرح کسی علمی گوشہ یا دنیا سے الگ تھلگ جزیرہ میں بیٹھ کر نہیں لکھی بلکہ بین الاقوامی حالات کے سٹیج پر (کہ مصنف سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس ہیں) عین زندگی کے میدان میں اور عوام کے درمیان رہ کر ان کے حالات و ضروریات سے واقف ہو کر سوسائٹی کے ذہن و اخلاق اور ماحول و زمانہ کے تقاضوں کو مدنظر رکھ کر لکھی گئی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جواں سال مگر باکمال شارح، کا دل و دماغ اور انسانی احساسات و جذبات رکھنے والا ایک بیدار مغز نقاد، زمانہ کی رفتار اور حالات حاضرہ سے باخبر اور ذی رائے انسان ہے۔

اس خصوصیت کی وجہ سے موصوف کی اس تازہ پیشکش کو ملک و بیرون ملک علمی حلقوں میں مقبولیت اور دلآویزی حاصل رہے گی۔ جو قدیم شروحات اور جدید تصنیفات میں کمیاب اور اکثر نایاب ہے۔

۴- مصنف شروحات حدیث کی ضخیم اور محققین و مصنفین کے صفحات میں پھیلے ہوئے مباحث کو حد درجہ حزم و احتیاط کے ساتھ سطروں میں اس خوبی کے ساتھ تلخیص فرماتے ہیں جیسے ماہر دواساز عرق اور عطرساز روح کشید کرتے ہیں۔ اور باکمال صاحب فن ہر چیز کا جوہر نکال لیتے ہیں۔ مصنف نے مباحث میں ترتیب، ضبط اختصار اور جامعیت کو ملحوظ رکھا ہے۔ انتشار و طوالت اور اطناب سے ہر جگہ اجتناب کی کوشش میں کامیاب رہے ہیں۔ مباحث خواہ عقلی ہوں یا نقلی، قدیم ہوں یا جدید۔ موصوف کی اس شرح میں یکسا جا اتنا محدثانہ اور محققانہ مواد مل جاتا ہے کہ صرف اسی ایک تصنیف کو متعلقہ مباحث میں ایک کتب خانہ کے قائم مقام قرار دیا جا سکتا ہے اس طرح یہ تصنیف اساتذۂ حدیث اور طالبان علوم نبوت کے لئے ایک گراں قدر علمی تحفہ، مباحث، معلومات فوائد و نکات اور نادر تحقیقات و تنقیحات کا خزانہ بن گیا ہے۔ جو ان کو سینکڑوں کتابوں کی ورق گردانی سے محفوظ کر دیتا ہے۔ اساتذۂ حدیث کو ان مباحث میں جو ہفت خواں سر کرنا پڑتا ہے اس شرح کے آجانے سے اس کی افادیت و اہمیت کو وہ حضرات خوب سمجھ سکتے ہیں جن کو علمی و تحقیقی اور تدریسی میدان میں ان مسائل سے واسطہ پڑا ہو۔ وجہ یہ ہے کہ شارح نے مسلم شریف کے جس حصہ پر قلم اٹھایا ہے وہ زیادہ تر معاملات سے متعلق ہے جس میں عام طور پر شراح حدیث نے اختصار سے کام لے لیا ہے۔ جب کہ اس موضوع پر تفصیلی مباحث کے لئے کافی محنت، صبر آزما مطالعہ، اور ہزاروں ماخذ کو کھنگالنا پڑتا ہے۔ تب کہیں گوہر مقصود ہاتھ آتا ہے۔

۵- ایک اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس شرح میں موضوع کی طرح خشکی یبوست پیچیدگی اور قدیم متون و شروحات کی شان نہیں ہے۔ کہ ہر لفظ بند ھا ٹکا اور قانونی و اصطلاحی ہو بلکہ مصنف کا ادبی معیار اور ذوق بہت



 © rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ادبیا ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے گویا خالص عربی النسل شخص لکھ رہا ہو۔ تحریر میں سلاست زور عربیت اور کہیں کہیں تو بلاغت وادبیت اوج خطابت کے انتہا کو چھوتی ہے جس کی وجہ سے کتاب دلچسپ، جاندار اور اس کے مضامین ومباحث پُرزور بن گئے ہیں۔

۶۔ کتاب میں جگہ جگہ بحث کے دوران سلف صالحین بالخصوص اکابر علماء دیوبند کے طریقِ ترجیح، ان کی فکری کاوشیں اور ان کا دینی وعلمی فکری وعملی تفوّق اور فضیلتیں ٹپکتی نظر آتی ہیں۔

۷۔ باب میں آنے ہوئے احادیث کے ایک ایک جزو کی جامع اور مکمل تشریح، تخریج، رواۃ کے حالات، ان کے اسماء کا صحیح ضبط اور تعارف، مختلف طرقِ حدیث کا مفصل بیان، ائمہ مجتہدین کے مذاہب دلائل اور ترجیح راجح کے لئے سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

۸۔ عہد حاضر میں مستشرقین، دہریوں، سوشلسٹوں، کمیونسٹوں اور لادین عناصر کے غلط نظریات اور پھیلائے ہوئے شبہات کا شافی جواب اور ضمناً فتنوں کا زبردست تعاقب کیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں "الحکمۃ فی کثرۃ الازواج ص ۹۵۔ الطلاق فی الدیانات والمجتمعات الکافرہ ص ۱۳۰۔ الرّق فی الاسلام ص ۲۶۳ مسئلۃ الاقتصاد فی الاسلام ص ۳۰۰ وغیرہ معرکۃ الآراء مباحث ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ نئے فقہی مسائل، مثلاً بیع حقوق، نوٹوں کے احکام، کرنسی کے تبادلے اور اس جیسے دیگر پیچیدہ عنوانات وموضوعات پر نادر تحقیقات اور علمی تنقیحات کا احتوا کیا گیا ہے۔

۹۔ احادیث کی لغوی نحوی تحقیق اور تقریباً ہر حدیث کے ساتھ صحاح ستہ میں اس کی پوری تخریج، موضوع سے متعلق دیگر احادیث کا تذکرہ اور متعلقہ مباحث، صحیح مسلم کی مختصر حدیث یا مختصر واقعہ کی حدیث کی دوسرے کتابوں سے توضیح وتکمیل اس کے علاوہ جگہ جگہ احادیث سے حاصل ہونے والے ضمنی فوائد، روزمرہ کے معمولات میں ان سے حاصل ہونے والے ہدایات کی تشریح وتوضیح بھی سہل واضح اور دلنشیں انداز میں کی گئی ہے۔

ہماری دعا ہے کہ باری تعالیٰ شارح کو جلد اس کی تکمیل کی توفیق ارزانی فرماوے۔ امید ہے کہ شارح صرف اس کی تکمیل پر اکتفا نہیں کریں گے بلکہ جس نئے اسلوب اور جدید ومفید انداز سے انہوں نے صحیح مسلم کی شرح پر قلم اٹھایا ہے اسی اسلوب پر موصوف فتح الملہم کی روشنی میں صحیح مسلم پر از سر نو اپنے جدید انداز میں ایک جامع اور مبسوط شرح کا کام شروع کردیں گے۔ جو طلبہ واساتذہ حدیث کے لئے ایک نادر علمی تحفہ، علمی وتحقیقی حلقوں کے لئے ایک گراں قدر تحقیقی شاہکار اور خود مصنف کے لئے ایک عظیم علمی کارنامہ ہوگا۔



© rasailojaraid.com